بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

捷絲旅台北林森館 Just Sleep Linsen
¥9,466 から エクスペディアで最高のホテルを見つけよう
Expedia.co.jp ★★★☆☆

Share

مدارس نصاب میں ترمیم، بچوں کو جدید مضامین کی تعلیم بھی دی جائیگی

مدرسوں کا آڈٹ ہوگا‘ حکومت اور تنظیمات المدارس میں اتفاق‘ ڈیٹا فارم پر اختلاف

اسلام آباد (اعزاز سید)وزارت داخلہ اور اتحاد تنظیمات المدارس کے مابین مدارس اصلاحات کے بنیادی نکات پر اتفاق ہو گیا ہے جسکا باضابطہ اعلان آئندہ چند روز میں وزیراعظم میاں نواز شریف کی زیر صدارت مدارس کے نمائندہ وفد کے ساتھ اعلیٰ سطح اجلاس میں ہو گا جس میں وزیرداخلہ چوہدری نثار علی خان کی طرف سے آرمی چیف جنرل راحیل شریف کو بھی خصوصی طور پر مدعو کیا جا رہا ہے ۔ وزارت داخلہ کے ذمہ دار ذرائع نے جیو نیوز کو بتایا ہے کہ مدارس اصلاحات نیشنل ایکشن پلان کا ایک اہم نکتہ تھا جس پر وفاقی حکومت اور اتحاد تنظیمات المدارس کے درمیان بنیادی طور پر ڈیٹا فارم اور رجسٹریشن فارم جیسے تنازعات کو طے کیا گیا ہے‘ تنازعات طے کرنے کے لیے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم کے کو آرڈینیٹر احسان غنی کی زیر صدارت نیشنل پولیس بیورو کے اسلام آباد دفتر میں متعدد اجلاس ہوئے جس میں اتحاد تنظیمات المدارس کے رہنما سیکرٹری جنرل قاری حنیف جالندھری کی قیادت میں ملاقاتیں کرتے رہے‘ ذرائع کا کہنا ہے کہ مدارس اصلاحات میں نصاب میں تبدیلی جیسے حساس اور متنازع معاملے کو نصاب میں ترمیم کی صورت متعارف کروایا گیا ہے جس میں مدارس اس بات پر متفق ہو گئے ہیں کہ مدارس میں زیر تعلیم بچوں کو مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ ریاضی ، انگریزی ، سائنس اور کمپیوٹر جیسے جدید مضامین پڑھائے جائیں گے جبکہ مدارس کا آڈٹ کروانے پر بھی اتفاق ہو گیا ہے‘ حکومت اور مدارس کے درمیان صرف ڈیٹا فارم کو اکٹھا کرنے کے معاملے پر معمولی اختلاف ہے، مدارس کا کہنا ہے کہ مرکزی وصوبائی حکومتیں کسی ایک ادارے کو ڈیٹا اکٹھا کرنے کا کام سونپ دیں۔ وزارت داخلہ اور مدارس میں اتفاق رائے کے حوالے سے اتحاد تنظیمات المدارس کے سیکرٹری جنرل قاری حنیف جالندھری سے جیو نیوز کے رابطے پر انہوں نے خبر کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مدارس اور وزارت داخلہ کے درمیان بنیادی باتوں پر اصولی اتفاق ہو گیا ہے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے